# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

## Text of Urdu news Bulletin

## Date: 05-August-2026

## Time :07:40 PM

آداب
یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں شیخ یاسین
پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

ہیڈلائنز

✓ ۱ ----- وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ دفعہ **370** کو منسوخ کئے جانے کے بعد جموں وکشمیر اور لداخ کے لوگوں کی طرز زندگی یکسر بدل گئی ہیں ۔

✓ ۲ ----- دہشت گردی کے متاثرہ خاندانوں کو تیزی اور خلوص کے ساتھ انصاف فراہم کیا جارہا ہے / لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا

✓ ۳ ----- وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے آج سرنکوٹ اور پونچھ میں حالیہ سیلاب سے ہوئے نقصانات کا لیا جائزہ۔

اور

✓ ۴ ----- آر بی آئی نے موجودہ مالی سال میں جی ڈی پی کی ترقی 6 اعشاریہ 7 فیصد رکھنے کا لگایا تخمینہ ۔

### وزیراعظم

وزیرِاعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ آرٹیکل **370** اور **35** اے کی منسوخی کے سات سال بعد جموں وکشمیر اور لداخ میں نمایاں ترقی ہوئی ہے جو مرکزی سرکار کا عزم بھی ہے۔ سوشل میڈیا پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ دونوں مرکزی زیرِانتظام علاقوں میں بنیادی ڈھانچے میں توسیع ہوئی ہے، جبکہ تعلیم، صحت، کاروبار اور کھیلوں کے شعبوں میں نئے مواقع پیدا ہوئے ہیں۔

انہوں نے کہا کہ خواتین، پسماندہ طبقات اور بنیادی آئینی حقوق سے محروم افراد کو بااختیار بنایا گیا ہے۔ وزیرِاعظم نے کہا کہ اس دن کی اہمیت اسلئے ہے کیونکہ ملک امسال ڈاکٹر شیاما پرساد مکھرجی کی **125** ویں یوم پیدائش منارہی ہے۔ وزیراعظم نے کہا ڈاکٹر مکھرجی کی خدمات آج بھی نئی نسلوں کیلئے مشعل راہ ہیں، اور ان کا ویژن **5** اگست **2019** کو تاریخی طور پر عملی شکل اختیار کر گیا۔

### ایل جی تقرر نامے

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے آج سرینگر میں ایک تقریب کے دوران دہشت گردی سے متاثرہ 37 افراد کے نزدیکی رشتہ داروں میں تقرر نامے تقسیم کے۔ اس موقعہ پر اظہار خیال کرتے ہوئے لیفٹیننٹ گورنر نے کہا یہ تقرری نامے صرف ملازمت کے کاغذات نہیں بلکہ دہشت گردی سے متاثرہ خاندانوں کے ساتھ انصاف، ان کی قربانیوں کے اعتراف اور انہیں باعزت روزگار فراہم کرنے کی علامت ہے۔

----V/o-----

منوج سنہا نے کہا کہ پانچ اگست 2019 کے بعد دہشت گردی کے ڈھانچے کو بڑی حد تک کمزور کیا گیا، امن و قانون کی صورتحال مضبوط ہوئی اور متاثرہ خاندانوں کو مساوی حقوق اور نئے مواقع فراہم کیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت دہشت گردی کے تمام ذمہ داروں اور ان کے معاونین کو قانون کے کٹہرے میں لانے کے لیے پُرعزم ہے۔ تقریب کے دوران ایس آر او 43 اور بحالی امدادی اسکیم کے تحت 32 دیگر مستحقین کو بھی تقرری نامے دیئے گئے۔

## پارلیمنٹ آرٹیکل

پارلیمنٹ میں آج دفعہ 370 کی منسوخی کی ساتویں برسی پر بھی بحث ہوئی۔ بی جے پی جموں وکشمیر صدر اور راجیہ سبھا رکن ست پال شرما نے اسے جموں وکشمیر کے مکمل انضمام اور ترقی کی جانب تاریخی قدم قرار دیا۔ بی جے پی رکن پارلیمنٹ ششانک مَنی نے اپوزیشن پر پارلیمنٹ کی کارروائی میں رخنہ ڈالنے کاالزام عائد کیا، جبکہ دنیش شرما نے کہا کہ اس فیصلے سے قومی یکجہتی مضبوط ہوئی اور عوامی مرکزیت پر مبنی طرزِ حکمرانی کو فروغ ملا۔

## بی جے پی سرینگر

ادھر بی جے پی کی طرف سے آج سرینگر دفعہ 370 کی تنسیخ کی 7ویں برسی منائی گئی۔ اس موقعہ پر منعقدہ ایک پروگرام میں پارٹی عہدیداروں اور کارکنان کی ایک خاصی تعداد موجود تھی۔ بعد میں بی جے پی آفس جواہر نگر سے ایک بائیک ریلی بھی نکالی گئی۔

## احتجاج

دریں اثناء نیشنل کانفرنس نے آج نئی دلی، سرینگر اور جموں سمیت یوٹی کے تمام ضلع صدر دفاتر پر اس دن کے حوالے سے اپنی ناراضگی کا اظہار کیا۔ نئی دلی میں پارلیمنٹ کے احاطے میں نیشنل کانفرنس کے ممبران پارلیمان نے انڈیا بُلاک کے لیڈران کے ہمراہ احتجاج کیا اور ریاستی درجہ سمیت جموں وکشمیر کے عوام کے حقوق کی بحالی کا مطالبہ کیا۔

سرینگر میں پارٹی ہیڈکوارٹر پر بھی ایک اجلاس منعقد ہوا، جس دوران پارٹی لیڈران نے جمہوری، قانونی اور پُرامن طریقے سے اپنے حقوق کی بحالی کیلئے کوششیں جاری رکھنے کا عزم کیا۔ پی ڈی پی کی طرف سے بھی آج اننت ناگ میں ایک پُرامن احتجاج کے دوران جموں وکشمیر کے لوگوں کے حقوق کی بحالی کیلئے کوششیں جاری رکھنے کا عہد کیا گیا۔

## سی ایم

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج سرنکوٹ اور پونچھ کے حالیہ سیلاب سے متاثرہ کنبوں سے ملاقات کی جس دوران انہوں نے رہائشی مکانات اور عوامی املاک کو پہنچے نقصان کا جائزہ لیا۔ انہوں نے لوران منڈی کا بھی دورہ کیا جہاں انہوں نے سوگوان کنبوں سے تعزیت کی۔ انہوں نے متاثرین کو سرکار کی طرف سے ہر ممکن امداد کی یقین دہانی کرائی۔ بعد میں وزیر اعلیٰ نے ضلع انتظامیہ کے ساتھ ایک میٹنگ کی اور افسران کو ہدایت دی کہ وہ نقصانات کا جائزہ لینے میں سرعت لائیں اور فوری امداد کی فراہمی کو یقینی بنائیں اور ضروری خدمات کو بحال کریں۔

## نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے آج سرینگر میں جموں کشمیر کھادی اینڈ ولیج انڈسٹریز بورڈ کے **107** ویں بورڈ آف ڈائریکٹر کی میٹنگ کی صدارت کی۔ اس موقعہ پر انہوں نے کہا کہ **KVIB** کو ایک عوام دوست ادارے میں تبدیل کیا جانا چاہئے جو ہنر مند کاریگروں کو بااختیار بنانے کے ساتھ ساتھ روایتی دستکاری کو بھی فروغ دے سکے۔ انہوں نے کہا کہ کھادی محض ایک چیز ہی نہیں بلکہ خود انحصاری اور جموں کشمیر کی ثقافت شناخت بھی ہے۔

## شلیندر کمار

محکمہ خزانہ کے ایڈیشنل چیف سیکریٹری شیلندر کمار نے آج کشمیر ڈویژن میں سٹیٹ ٹیکس ڈیپارٹمنٹ کی ایک مینگ کی صدارت کی، جس کا مقصد ریونیو وصولی، قانونی ضابطوں کی تعمیل اور محکمانہ کارکردگی کا جائزہ لینا تھا۔ میٹنگ میں کمشنر سٹیٹ ٹیکسز جموں کشمیر پی کے بھٹ، ایڈیشنل کمشنر سٹیٹ ٹیکسز کشمیر پرویز احمد رینا، کے علاوہ کئی دیگر سینئر افسران نے شرکت کی۔

## انیل کمار

محکمہ آر اینڈ بی کے ایڈیشنل چیف سیکریٹری انیل کمار نے آج جگتی اور نگروٹہ مائیگرنٹ کالونیوں کا دورہ کرنے کے دوران وہاں مائیگرنٹوں کی فلاح و بہبود اور جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے رہائشی کمپلیکس کا بھی دورہ کیا۔

اس موقعہ پر انہیں بتایا گیا کہ **82** کروڑ **4** لاکھ روپے کا جامع منصوبہ تیار کیا گیا ہے جس پر جلد ہی کام شروع کیا جائے گا۔ انہوں نے نئے تعمیر شدہ دو منزل کمیونٹی ہال کا بھی معائینہ کیا۔

**Break**

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔
خبریں اور آکاشوانی کے دیگر پروگرام آپ صرف آکاشوانی کے موبائیل ایپلی کیشن News on AIR،
OTT ۔Waves پلیٹ فارم اور پرسار بھارتی کی
ویب سائٹ www.prasarbharti.gov.in کے علاوہ DTH پر بھی سماعت کر سکتے ہیں۔

سی بی سی

سینٹرل بیورو آف کمیونکیشن (**CBC**) کے زیر اہتمام آج گورنمنٹ ماڈل ہائر سکینڈری سکول ککرناگ میں نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت دروزہ جانکاری پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ پروگرام کا افتتاح ایس ڈی ایم ککرناگ نے کیا۔ افتتاحی اجلاس کے دوران طلبا، اساتذہ اور والدین کے علاوہ مقامی لوگوں کی بڑی تعداد موجود تھی۔ اس موقعہ پر مقررین نے نشہ مکت بھارت ابھیان کے اغراض ومقاصد بیان کرتے ہوئے منشیات کے عادی افراد کی باز آبادکاری اور علاج معالجے پر مفصل روشنی ڈالی۔ آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کرتے ہوئے فیلڈ پبلسٹی آفیسر شاہد احمد لون نے پروگرام کے حوالے سے بتایا

-----**V/O**------

ککرناگ

ککرناگ میں ہی آج منشیات سے نجات دلانے کے بارے میں جامع آگہی پروگرام کا انعقاد کیا گیا جس دوران منشیات کے ناسور کے خلاف اجتماعی کوششوں پر زور دیا گیا۔ پروگرام کا اہتمام ڈسٹرکٹ ریڈ کراس سوسائٹی نے گورنمنٹ ڈگری کالج ککرناگ کے اشتراک سے کیا تھا۔ پروگرام میں انتظامی آفیسروں، طبی ماہرین، قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران، کالج کے اساتذہ، طلباء اور رضا کاروں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

## IUST

اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی نے اپنے سینٹر فار گڈ گورننس اینڈ پالیسی انالیسز کے ذریعے جموں کشمیر میں منشیات کے استعمال کی روکتھام، علاج اور بحالی سے متعلق ایک جامع پالیسی تیار کی ہے جس کے ذریعے یونیورسٹی نے خطے کو درپیش اہم سماجی اور عوامی صحت کے چیلنج سے نمٹنے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا ہے۔

## پارلیمنٹ

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کاروائی آج نیٹ امتحان سے متعلق طلباء کے احتجاج پر مبینہ پولیس کارروائی کے خلاف اپوزیشن کے ہنگامے کے باعث متاثر رہی۔ حزب اختلاف کے لیڈران نے وزیر داخلہ امت شاہ سے بیان کا مطالبہ کیا۔ اسپیکر اوم برلا نے شور وغل کے درمیان وقفہ سوالات کی کارروائی شروع کرتے ہوئے ایوان میں نظم وضبط اور وقفہ سوالات کی اہمیت پر زور دیا۔ راجیہ سبھا میں وزیر ٹرانسپورٹ نتن گڈکری نے بتایا کہ ملک میں تین سو ڈرائیونگ ٹریننگ ادارے قائم کیے جا رہے ہیں، انہوں نے سڑک حادثات میں سالانہ تقریباً ایک لاکھ 80 ہزار اموات پر تشویش بھی ظاہر کی۔

## پارلیمنٹ بل

لوک سبھا نے آج **Bankers** ایویڈنس بل **2026** کو منظوری دی ہے۔ یہ بل بینکاری ریکارڈ سے متعلق شواہد کے قانون کو جدید ڈیجیٹل بینکاری نظام کے مطابق بنانے کے لیے لایا گیا ہے، جس کے تحت بینکوں کے الیکٹرانک اور ڈیجیٹل ریکارڈ کو بھی عدالت میں قابل قبول ثبوت تسلیم کیا جائے گا۔ بل اپوزیشن کے ہنگامے کے دوران بغیر بحث کے منظور کیا گیا۔

## یاترا

شری امرناتھ جی یاترا بال تل کے راستے جاری ہے۔ اگرچہ آج جموں سے یاترا کے کسی بھی قافلے کو سرینگر آنے کی اجازت نہیں دی گئی تاہم جو یاتری پہلے ہی وادی پہنچ چکے تھے، وہ بال تل کے راستے گپھا پر حاضری دے رہے ہیں۔

اسی دوران آج مزید **2** ہزار **855** تریوں نے پوتر گپھا میں حاضری دی۔

## آر بی آئی

بھارتیہ ریزرو بینک **RBI** نے موجودہ مالی سال میں **GDP** کی ترقی کے **6** عشاریہ **7** فیصد رہنے کا تخمینہ لگایا ہے۔ مرکزی بینک نے ریپوریٹ میں کوئی تبدیلی نہ کرتے ہوئے اسے **5** عشاریہ **2** پانچ فیصد برقرار رکھا ہے۔ **RBI** گورنر سنجے ملہوترا نے کہا ہے کہ ملک کی معاشی ترقی میں مستحکم مانگ کے سبب بھارت دنیا کی سب سے تیزی سے آگے بڑھنے والی بڑی معیشت بنا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس معاشی سال میں اپریل تا جون کی سہ ماہی میں ملک کی معیشت کی کارکردگی توقع سے بہتر رہی۔

## عرس

بلند پائیہ ولی کامل حضرت شیخ شرف الدین المعروف شوگہ باب صاحب رحمتہ اللہ علیہ کا سالانہ عرس آج عقیدت واحترام کے ساتھ منایا گیا۔ اس سلسلے میں ان کے آستان عالیہ واقعہ خانقاہ قدیم پانپور میں صبح سویرے سے ہی ختمات المعظمات اور درود واذ کار کی مجالس آراستہ ہوئیں جن میں عقیدتمندوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

ادھر نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر نے ضلع انتظامیہ سے اپیل کی کہ حضرت خواجہ نقشبند صاحب رحمتہ اللہ علیہ کے عرس مبارک کے پیش نظر عقیدتمندوں کیلئے معقول انتظامات کئے جائیں۔

## موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے **24** گھنٹوں کے دوران ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش ہونے کا امکان ہے۔ سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **31** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **19.8** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **33** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **23** ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح **5** بجکر **46** منٹ اور غروب آفتاب شام **7** بجکر **28** منٹ پر ہوگا۔

## Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔ خدا حافظ۔